احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 27/اگست 2008ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 27/اگست 2008ء 24 شعبان 1429 ہجری 27 ظہور 1387 ھش جلد 58-93 نمبر 196

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دوسروں پر عیب نہ لگاؤ کیونکہ بعض اوقات انسان دوسرے پر عیب لگا کر خود اس میں گرفتار ہو جاتا ہے اگر وہ عیب اس میں نہیں لیکن اگر وہ عیب سچ مچ اس میں ہے تو اس کا معاملہ پھر خداتعالیٰ سے ہے۔

بہت سے آدمیوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنے بھائیوں پر معاً ناپاک الزام لگا دیتے ہیں۔ ان باتوں سے پرہیز کرو۔ بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچاؤ اور اپنے بھائیوں سے ہمدردی۔ ہمسایوں سے نیک سلوک کرو۔ اور اپنے بھائیوں سے نیک معاشرت کرو اور سب سے پہلے شرک سے بچو کہ یہ تقویٰ کی ابتدائی اینٹ ہے۔

(ملفوظات جلدسوم ص 573)

عام طور پر یہ ایک مرض لوگوں میں دیکھی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مرد یا عورت کی نسبت یہ بیان کرے کہ وہ بدکار ہے یا اس کا دوسرے سے تعلق بدکاری کا ہے تو چونکہ نفس ایسے معلومات کی وسعت سے لذت پاتا ہے۔ اس لئے اس راوی کے بیان پر بلاتحقیق یہ خیال کر لیا جاتا ہے کہ یہ واقعہ بالکل سچا ہے اور اسے شہرت دینے میں سعی کی جاتی ہے۔ اور اس طرح سے نیک مرد اور نیک عورتوں کی نسبت ناپاک خیال لوگوں کے دلوں میں متمکن ہو جاتے ہیں اور جن کی شہرت ہوتی ہے ان کے دلوں پر اس سے کیا صدمہ گزرتا ہے اس کو ہر ایک محسوس نہیں کر سکتا۔ اسی لئے خداتعالیٰ نے ایسی شہرت دینے والوں کے لئے اسی درے سزا مقرر فرمائی ہے۔

اس مضمون کے متعلق حضرت اقدس نے فرمایا کہ

خداتعالیٰ نے اپنی پاک کلام میں شہرت دینے والوں کے لئے بشرطیکہ وہ اسے ثابت نہ کر سکیں اسی درے سزا رکھی ہے اس لئے کہ جو شہرت دیتا ہے اسے اس مقدمہ میں مدعی گردانا گیا ہے اور اسی سے چار گواہ طلب کئے گئے ہیں کہ اگر وہ سچا ہے تو اپنے علاوہ چار گواہ رویت کے لاوے۔ یہ غلطی ہے کہ ایسے شخص کو بھی گواہوں میں شمار کیا جاوے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 418)

بعض آدمی ذرا ذرا سی بات پر دوسرے کی ذلت کا اقرار کئے بغیر پیچھا نہیں چھوڑتے۔ ان باتوں سے پرہیز کرنا لازم ہے۔ خداتعالیٰ کا نام ستار ہے۔ پھر یہ کیوں اپنے بھائی پر رحم نہیں کرتا اور عفو اور پردہ پوشی سے کام نہیں لیتا۔ چاہئے کہ اپنے بھائی کی پردہ پوشی کرے اور اس کی عزت وآبرو پر حملہ نہ کرے۔ (ملفوظات جلد سوم ص 572)

حسد کا نقصان

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا

ان الحسد یطفی نور الحسنات

یقیناً حسد نیکیوں کے نور کو بجھا دیتا ہے۔

(سنن ابی داؤد - کتاب الادب باب الحسد حدیث نمبر 4257)

نمایاں اعزاز

مکرم ظفر اقبال ساہی صاحب مربی سلسلہ احمد نگر تحریر کرتے ہیں۔

عزیزم محمد عادل افضل ابن مکرم محمد افضل صاحب صدر جماعت احمدیہ 295 گ۔ب بیریانوالہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ نے امسال میٹرک کے امتحان میں صوبہ بھر میں 817/850 نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی ہے۔ اس سلسلے میں ایک تقریب میں عزیزم کو وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے مبلغ 2 لاکھ روپے بطور انعام ملے اسی طرح فیصل آباد بورڈ کی طرف سے گولڈ میڈل کے حقدار قرار پائے ہیں۔

عزیزم محمد عادل افضل، مکرم محمد صدیق صاحب مرحوم سابق اسیر راہ مولا کے پوتے ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس اعزاز کو عزیز اور جماعت کے لئے بہت بابرکت فرمائے اور مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

نمایاں کامیابی

محترمہ فرخندہ محمود صاحبہ سیکرٹری اصلاح و ارشاد ضلع لاہور اور مکرم ڈاکٹر محمود احمد صاحب حلقہ کینال پارک لاہور تحریر کرتے ہیں کہ ہمارے چھوٹے بیٹے عزیزم سالک محمود نے اس سال ایچی سن کالج لاہور سے کیمبرج یونیورسٹی کا 'O' لیول کا امتحان دیا تھا۔ جس میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انہوں نے '7 As' اور '2 Bs' حاصل کئے۔ اور کالج Academic بلیزرز کے حقدار ٹھہرے۔ جو انہیں مارچ 2009ء میں کالج کے Founder's day پہ دیا جائے گا۔

احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے مزید کامیابیوں سے ہمکنار کرے۔ اور مقبول خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔

خریداران الفضل متوجہ ہوں!

بیرون از ربوہ خریداران الفضل کو چندہ الفضل ختم ہونے پر جب یاددہانی کی چٹھی ملے تو چندہ کی ادائیگی کی طرف توجہ فرمائیں اور نمائندہ مینیجر الفضل کا انتظار نہ کریں۔ (مینیجر روزنامہ الفضل)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

نمبر4

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ۔ حالات اور خدمات

(عہد خلافت کے اہم واقعات ۔ سوال و جواب کی شکل میں)

سوال: حضور نے قرطاس ابیض کے متعلق خطبات کا سلسلہ کب شروع فرمایا اور یہ خطبات کتابی صورت میں کس نام سے شائع ہوئے۔

جواب: 20 جولائی 1984ء سے یہ سلسلہ 17 مئی 1985ء تک جاری رہا۔ بعد ازاں یہ خطبات کتابی صورت میں ''زھق الباطل'' کے نام سے شائع ہوئے۔

سوال: ربوہ میں سوئمنگ پول کا سنگ بنیاد کب اور کس نے رکھا اور اس کا افتتاح کب ہوا۔

جواب: 31 جولائی 1984ء کو حضرت صوفی غلام محمد صاحب نے۔ افتتاح 10 دسمبر 1988ء کو ہوا۔

سوال: حضور نے حفظ قرآن کریم کی تحریک کب فرمائی۔

جواب: 11 نومبر 1984ء کو۔

سوال: اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اور عالمی عدالت انصاف کے پہلے احمدی صدر کا نام بتائیں اور ان کی وفات کب ہوئی۔

جواب: حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب۔ یکم ستمبر 1985ء کو وفات پائی۔

سوال: حضور نے ہالینڈ میں نئے احمدی مرکز بیت النور کا افتتاح کب فرمایا۔

جواب: 13 ستمبر 1985ء کو۔

سوال: حضور نے تحریک جدید کے دفتر چہارم کا اجراء کب فرمایا۔

جواب: 25 اکتوبر 1985ء کو۔

سوال: حضور نے قیام نماز اور اس کی حکمتوں کے متعلق خطبات کا سلسلہ کب شروع کیا۔

جواب: 8 نومبر 1985ء کو۔

سوال: حضور نے وقف جدید کی تحریک ساری دنیا تک وسیع کرنے کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 27 دسمبر 1985ء کو۔

سوال: جماعت نے سال 1986ء کو حضرت مسیح موعود کی کس پیشگوئی کے پورے ہونے کے طور پر منایا۔

جواب: ''پیشگوئی مصلح موعود''۔

سوال: حضور نے ''سیدنا بلال فنڈ'' کی تحریک کب جاری فرمائی۔

جواب: 14 مارچ 1986ء کو۔

سوال: 29/اپریل 1986ء کو کس بین الاقوامی ادارہ نے احمدیوں کے خلاف آرڈیننس کو انسانی حقوق کے منافی قرار دیا۔

جواب: اقوام متحدہ (U.N.O.) نے۔

سوال: پہلی احمدی شہید خاتون کا نام بتائیں اور انہیں کب اور کہاں شہید کیا گیا۔

جواب: محترمہ رخسانہ صاحبہ۔ ان کو 9 جون 1986ء کو مردان میں شہید کیا گیا۔

سوال: حضور نے سیرۃ النبیؐ کے جلسوں کے دوبارہ جاری کرنے کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 8/اگست 1986ء کو۔

سوال: حضور نے بھارت میں تحریک شدھی کے خلاف جہاد کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 22/اگست 1986ء کو۔

سوال: حضور نے درس القرآن انگریزی کا آغاز کب فرمایا۔

جواب: 2 جنوری 1987ء کو۔

سوال: حضور نے یہ تحریک کب فرمائی کہ ''صد سالہ جوبلی پر ہر ملک میں ایک عمارت بنائی جائے''۔

جواب: 6 فروری 1987ء کے خطبہ جمعہ میں۔

سوال: تحریک وقف نو کا اجرا کب فرمایا۔

جواب: 3/اپریل 1987ء کو۔

سوال: حضور نے یکم اگست 1987ء کو کس ملک کے بادشاہوں کو حضرت مسیح موعود کے کپڑوں کا تبرک عطا فرمایا۔

جواب: نائیجیریا کے دو بادشاہوں کو۔

سوال: حضور نے ''نصرت جہاں تنظیم نو'' کی تحریک کب فرمائی۔

جواب: 22 جنوری 1988ء کے خطبہ جمعہ میں۔

مشعل راہ

پیار، محبت، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 3/اکتوبر 2003ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن کا افتتاح فرماتے ہوئے خطبہ جمعہ میں کہ بیت الذکر کی تعمیر کا اصل مقصد بیان فرمایا

اللہ تعالیٰ ان سب کو اس ثواب کا وارث ٹھہرائے لیکن یہ یاد رکھیں کہ صرف ....بنا کر کام ختم نہیں ہو گیا بلکہ یہ بات ہر احمدی کو ہر وقت اپنے ذہن میں رکھنی چاہئے کہ اس زمانے کے امام کو پہچان کر، اس کی بیعت میں شامل ہو کر، ہم ان خوش قسمت لوگوں میں شامل ہو گئے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنا حکم ماننے اور اسے پورا کرنے کی وجہ سے پہلوں سے ملانے کی خوشخبری دی ہے۔ لیکن یہ نہ سمجھیں کہ یہ خوشخبری ہمیں مل گئی ہے، آنے والے مسیح (موعود) کو ہم نے مان لیا اور کام ختم اس لئے ہم ان تمام انعامات کے وارث ٹھہر جائیں گے۔ نہیں۔ بلکہ ہمیں مستقل کوشش کے ساتھ، جدوجہد کرتے ہوئے ان ....کو آباد بھی کرنا ہوگا اور یہاں سے پیار و محبت، رواداری اور بھائی چارے کے پیغام بھی دنیا کو دینے ہوں گے۔ مسلسل دعاؤں سے اپنی اصلاح کی طرف بھی توجہ دینی ہوگی اور اپنی نسلوں کی اصلاح کی طرف بھی توجہ دینی ہوگی۔

یہ آیات جو میں نے تلاوت کی ہیں اس میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے انصاف کا حکم دیا ہے کہ جو شخص انصاف پر قائم ہوگا، حقوق العباد قائم کرنے والا ہوگا، جس کا ماحول اس سے کسی قسم کی تکلیف اٹھانے والا نہیں بلکہ اس سے فیض پانے والا ہوگا۔ اپنے گھر میں، اپنے بیوی بچوں کے ساتھ، پیار اور محبت کا سلوک کرنے والا ہوگا۔ نیکی کی تلقین کرنے والا اور بدی سے روکنے والا ہوگا، اور کسی کی دشمنی بھی اسے عدل سے پرے ہٹانے والی نہیں ہوگی تو ایسا شخص جو انصاف اور حقوق العباد کے اعلیٰ معیار قائم کرنے والا ہے جب اپنی تمام تر توجہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف جھکے گا، دین کو خالص کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کو پکارے گا.......... میں داخل ہوتے ہی اس کا دل اللہ تعالیٰ کی خشیت سے پگھل رہا ہوگا، عبادت کا شوق ہوگا، ایک نماز کے لئے .... میں جانے کے بعد دوسری نماز کے انتظار میں ہوگا تو ایسے حقوق اللہ ادا کرنے والے سے یقیناً حقوق العباد بھی ادا ہوں گے۔ تو ایسے لوگوں کو حقوق اللہ یہ توجہ دلا رہے ہوں گے کہ حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف بھی توجہ کرو۔ اور حقوق العباد کو ادا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کی طرف توجہ ہو رہی ہوتی ہے۔ اور جب اس میں خالص ہو جاؤ گے تو مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور ایک نومولود بچے کی طرح معصوم حالت میں پہنچو گے۔ جس کی ایک یہ بھی تشریح کی جاتی ہے کہ جس طرح ماں کے پیٹ میں بچہ مختلف حالتوں سے گزرتا ہوا ایک صحت مند بچے کی شکل میں پیدا ہوتا ہے۔ اگر کسی حالت میں بھی صحیح Development نہ ہو تو ضائع ہونے کا خطرہ ہوتا ہے اور بعض دفعہ ڈاکٹر خود ہی ضائع کر دیتے ہیں۔ تو اسی طرح مرنے کے بعد روح بھی مختلف مدارج سے گزرے گی اس لئے خبردار ہو کہ مرنے کے بعد تمہاری روح، اللہ کے حضور ایسی حالت میں حاضر نہ ہو کہ شکل بالکل بگڑی ہوئی ہو۔ اس لئے ہمیشہ اللہ کا فضل اور اس کا رحم مانگتے رہو اور خالصتاً اسی کے ہو جاؤ..........

حضرت مسیح موعود نے فرمایا :

اب یہ زمانہ ہے کہ اس میں ریاکاری، عجب، خود بینی، تکبر، نخوت، رعونت وغیرہ صفات رذیلہ تو ترقی کر گئے ہیں اور .... وغیرہ جو صفات حسنہ تھے وہ آسمان پر اٹھ گئے۔ توکل تدبیر وغیرہ سب کالعدم ہیں۔ اب خدا کا ارادہ ہے کہ ان کی تخم ریزی ہو۔

پھر اسی آیت میں ایک تیسری بات ہمیں تنبیہ بھی ہے۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود فرما رہے ہیں کہ اب خدا کا ارادہ ہے کہ نئے سرے سے ان قوتوں کو زندہ کرے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے ہمیں توفیق دی کہ ہم اللہ تعالیٰ کے اس ارادے میں شامل ہوئے اور اس امام کو مانا۔ لیکن اگر ہمارے عمل وہ نہ رہے جو خدا اور اس کا رسول ہم سے توقع کرتے ہیں تو پھر خدا کسی کا رشتہ دار نہیں ہے۔ کوئی اور قوم آ جائے گی، اور لوگ آ جائیں گے۔ مقصد تو انشاء اللہ پورا ہوگا لیکن ہم کہیں پیچھے نہ رہ جائیں۔

(روزنامہ الفضل 10 فروری 2004ء)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم محمد زکریا ورک صاحب

عہد وسطیٰ کے ماہرین امراض چشم

عالم اسلام میں آٹھویں صدی سے لے کر بارہویں صدی تک سائنسی علوم کو بہت فروغ ملا۔ نہ صرف اس عرصہ میں مختلف علوم وفنون پر جامع کتابیں لکھی گئیں بلکہ حیران کن ایجادات اور اختراعات بھی کی گئیں۔ علوم کی جس شاخ میں مسلمانوں نے سب سے زیادہ کام کیا وہ طب کا فن تھا۔ دیوقامت طبیب جیسے الرازی، ابن سینا، ابن زہر، ابوالقاسم زہراوی، ابن رشد، ابن نفیس اس بات کا ثبوت ہیں کہ یہ فن ان کی توجہ کا خاص مرکز رہا۔ الرازی اور ابن سینا کی کتابیں یورپ میں پانچ سو سال تک پڑھائی جاتی رہیں۔ پیرس یونیورسٹی کے ڈیپارٹمنٹ آف میڈیسن کے ایک وسیع ہال کی دیوار پر الرازی اور ابن سینا کی تصاویر ان کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے ابھی تک آویزاں ہیں۔ طب میں چونکہ مزید شاخیں نہیں تھیں۔

امراض چشم کی فیلڈ میں مسلمان ماہرین نے نہ صرف مبسوط کتابیں لکھیں بلکہ عوارض چشم کو دریافت کرکے ان کے علاج کے طریق بھی پیش کئے۔ یہ مسلمان ماہرین طب ہی تھے جنہوں نے سب سے پہلے آنکھ کی اناٹومی کی ڈایاگرام اپنی کتابوں میں دی تھیں۔

مصر میں لوگ اکثر آشوب چشم میں مبتلا رہتے تھے۔ اس صورتحال کے پیش نظر وہاں امراض العین پر بطور خاص تحقیق کی گئی، خاص طور پر مصر کے فاطمی خلیفہ الحکم بامراللہ (985ء-1021ء) کے دور خلافت میں ریسرچ کا بہت کام کیا گیا۔ اسی طرح مشرق وسطیٰ کے دوسرے ممالک میں رہنے والے باشندے آنکھ کے امراض سے دوچار رہتے تھے۔ ان ممالک کی آب وہوا (ریت، غذا وغیرہ) کے پیش نظر یہ بیماریاں بینائی کھوجانے پر منتج ہوتی تھیں۔ چنانچہ مسلمان اطباء نے نویں اور دسویں صدی میں امراض العین کے علاج کے لئے کافی وشافی علاج نکالے۔ آنکھ کی سرجری اور موتیا بند (کیٹاریکٹ) کے آپریشن قاہرہ، بغداد اور دمشق میں عام تھے۔ آنکھ میں پانی اتر آنے یعنی موتیا بند کا پہلا آپریشن شاید مصر میں 1256ء میں کیا گیا تھا۔ مسلمان اطباء نے 800ء تا 1300ء کے عرصہ میں ساٹھ آئی سرجن اور ماہرین امراض چشم (آئی سپیشلسٹ) پیدا کئے جبکہ یورپ میں ایک کا بھی حوالہ نہیں ملتا۔ ڈھائی سو سال کے عرصہ میں مسلمان ماہرین نے امراض چشم پر اٹھارہ کتابیں لکھیں جبکہ قدیم یونانی حکماء نے ایک ہزار سال میں اس موضوع پر صرف پانچ کتابیں لکھی تھیں۔ اسی طرح مسلمان حکماء نے اس موضوع پر کل 30 کتابیں لکھیں جن میں سے چودہ ابھی تک خوش قسمتی سے دستیاب ہیں۔ بغداد، قاہرہ، قرطبہ اور دمشق میں آنکھوں کے خاص ہسپتال تھے۔

امراض چشم کی فیلڈ میں جن نامور اطباء نے موشگافیاں کیں ان میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں: علی العباس مجوسی، حنین ابن اسحٰق، علی ابن عیسیٰ، الرازی، ابن سینا اور ابن رشد۔ ان ماہرین امراض العین کا طوطی پانچ سو سال تک بولتا رہا۔ امراض العین میں جن اطباء نے اہم اور چونکا دینے والی دریافتیں کیں ان کا احوال اور ان کی دریافتوں کی تفصیل یہاں پیش کی جاتی ہے۔

حنین ابن اسحٰق

آنکھ کی مکمل اناٹومی کی تشریح اور اس کا سب سے پہلا ڈایاگرام حنین ابن اسحٰق نے (877ء) میں اپنی کتاب ''عشر مقالات فی العین'' یعنی آنکھ پر دس مقالہ جات، میں پیش کی تھی۔ یورپ کے حکماء نے اپنی کتابوں میں حنین ہی کی تصاویر پیش کی تھیں۔ حنین نے اپنے مقالہ جات میں چیزوں کو دیکھنے کی جو تھیوری پیش کی اس کے مطابق اشیاء کے دیکھنے میں آنکھ کا عدسہ بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ دیکھنے کی قوت تو دماغ سے آتی ہے (مراد آپٹک نروہے) مگر اشیاء سے ٹکرا کر آنے والی کرنیں آنکھ کے لینز میں جذب ہوجاتی ہیں۔

محمد ابن زکریا الرازی

محمد ابن زکریا الرازی (865ء تا 923ء لاطینی نام Rhazes) کا لقب جالینوس العرب تھا۔ رازی اگر ہمارے دور میں پیدا ہوتا تو لازماً اس کو میڈیسن میں نوبیل پرائز دیا جاتا۔ جب آپ عہد وسطیٰ کی میڈیسن پر کوئی کتاب جرمن، فرنچ یا انگلش میں پڑھیں اور اس میں کسی طبیب کا نام Rhazes لکھا ہوا دیکھیں تو اس سے مراد زکریا الرازی ہی ہے۔ یورپ کی کتابوں میں مسلمان اطباء کے عربی نام نہیں دیئے جاتے تھے بلکہ ان کے اسماء کو بگاڑ کر لاطینی میں لکھا جاتا تھا۔

الرازی پہلا آپٹومیٹرسٹ (آنکھوں کی حفاظت کرنے والا ڈاکٹر) تھا جس نے بصالت فکر اور تحقیقی انہماک کے بعد نتیجہ اخذ کیا کہ آنکھ کی پتلی روشنی ملنے پر ردعمل ظاہر کرتی ہے۔ اس نے آنکھوں پر اپنے مقالہ (On the Nature of Vision) میں لکھا کہ آنکھ سے شعاعیں خارج نہیں ہوتیں جیسا کہ یونانی حکماء خیال کرتے تھے۔ امراض چشم پر اس کی مبسوط کتاب کا ترجمہ جرمن زبان میں 1900ء میں منظر عام پر آیا تھا۔

میڈیسن پر اپنے ماسٹر پیس ''کتاب الحاوی'' کی دوسری جلد میں الرازی نے ایک مکمل باب امراض چشم پر لکھا تھا۔ اس نایاب کتاب میں وہ عرش کے تارے توڑ کے لایا جیسے اس نے کتاب میں گلاؤ کوما (آنکھ کی بیماری جس میں آنکھ کی پتلی پھیل جاتی ہے) کے مرض کی تفصیل بیان کی۔ اس نے سیکنڈری گلاؤ کوما کا بھی ذکر کیا۔ زیادہ نمک کھانے یا ضرورت سے زیادہ ہم بستری کرنے سے نظر کمزور ہونے کا ذکر کیا۔ اس نے یہ انقلاب آفریں نقطہ بھی بیان کیا کہ آنکھیں بذات خود روشنی کا منبع نہیں ہیں یعنی روشنی آنکھوں سے خارج ہوکر کسی شے پر نہیں گرتی جس سے وہ ہمیں نظر آنے لگتیں، یہ نظریہ یونانی حکماء کے نظریات کے بالکل برعکس تھا۔ یہ انکشاف اس کی غیر مقلدانہ فکر کی بھی عمدہ دلیل ہے۔

کتاب الحاوی کے علاوہ اس نے تین اور رسالے امراض العین پر قلم بند کئے تھے۔ کیفیت الابصار، کتاب فی ہیئۃ العین، مقالہ فی علاج العین بالحدید۔

علی ابن عباس

اسلام کے نامور فزیشن علی ابن عباس اہوازی (مجوسی 930ء تا 994ء) نے آنکھوں کے امراض پر اپنی تحقیقات سب سے پہلی اپنی تصنیف ''کامل الصناعۃ الطبیہ'' میں پیش کی تھیں۔ اس کتاب کا دوسرا نام کتاب الملکی بھی تھا جس کا لاطینی میں ترجمہ گیارہویں صدی میں کیا گیا تھا۔ کامل الصناعہ میں ذاتی مشاہدات کثیر تعداد میں دیئے گئے تھے اور Capillary System کا تصور بھی پیش کیا گیا تھا۔ خاص بات یہ ہے کہ اس نے ٹیرجیم (Pterygium) کے آپریشن کا بھی ذکر کیا تھا۔

علی ابن عیسیٰ

علی ابن عیسیٰ الکحل (1010ء Jesu Hali) بغداد کا طبیب حاذق اور آئی سپیشلسٹ تھا۔ اس نے آنکھ کے امراض پر زبردست تحقیقات کیں اور اپنے مشاہدات و تجربات ضخیم اور معیاری کتاب ''تذکرۃ الکحالین'' میں جمع کردیئے جو عربی میں اس موضوع پر سب سے پرانی، مفصل اور جامع کتاب ہے۔ یورپ میں آنکھوں کا یہ انسائیکلو پیڈیا طب کے درسی نصاب میں شامل تھا اور اس کو مقدس کتاب (بائبل) کا درجہ حاصل تھا۔ حنین ابن اسحٰق کی کتاب اس فن میں اول درجے کی تھی اور تذکرہ دوسرے نمبر پر تھی۔ اس کی تین جلدیں ہیں۔ (1) پہلا حصہ آنکھ کی اناٹومی وفزیالوجی پر ہے جس میں اس ماہر سرجن نے آنکھ کی بناوٹ، پتلی، حصے، روشنی پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ (2) دوسرا حصہ ان امراض چشم پر جو باہر سے نظر آتے ہیں۔ اس نے آنکھ کی جملہ بیماریوں کا بتایا، ان کے اسباب اور علامات تفصیل سے لکھے۔ (3) تیسرا حصہ آنکھ کے پوشیدہ عوارض پر جن سے آنکھ کو نقصان پہنچتا ہے لیکن باہر سے دیکھنے میں کچھ پتا نہیں چلتا۔ اس کے علاوہ یہ جلد، پرہیزی کھانے نیز امراض چشم کے نقطہ نظر سے جنرل میڈیسن پر ہے۔ آنکھ کے مریضوں کے لئے جو غذائیں مفید ہیں ان کا ذکر کیا گیا ہے۔ جن غذاؤں سے نقصان ہوتا ہے یا تکلیف کا اندیشہ ہے ان کی تفصیل بھی دی ہے۔ اس نے دواؤں کے ذریعہ علاج کو ترجیح دی، آنکھ کی سرجری کرنا اس کے طریق علاج میں شامل نہیں تھا۔

اس کو آنکھ کی تین خاص بیماریوں یعنی اعصاب بصری، پردہ چشم اور Choroidal Disease کا علم تھا۔ اس نے آنکھ کے مشاہدے کے لئے پہلے سے بہتر طریقہ بتلایا۔ اس نے کہا کہ جسم کے دوسرے اعضاء کی بیماریوں کا اثر آنکھ پر ہوسکتا ہے۔ اس نے کہا کہ جانوروں کے طفیلی جراثیم سے آنکھ میں بیماری پیدا ہوسکتی ہے۔ اس نے لکھا کہ ذیابیطس اور گردوں کی بیماری سے آنکھیں متاثر ہوتی ہیں۔ اس انسائیکلو پیڈیا میں آنکھ کی 130 بیماریوں کا بیان ہے نیز 143 مفرد دواؤں اور جڑی بوٹیوں کے نام، ان کے خواص، اثرات، فوائد بیان کئے گئے ہیں جو آنکھوں کے لئے مفید ہیں۔ اس زبردست معالج کی اس فن میں قابل ذکر کتاب کا لاطینی ترجمہ 1499ء میں وینس سے شائع ہوا، 1903ء میں اس کو فرنچ اور 1904ء میں لیپ زگ میں اس کو جرمن زبان کے قالب میں ڈھال دیا گیا۔ انگلش، فرنچ اور عبرانی میں بھی تراجم ہوچکے ہیں۔

بوعلی سینا

پرنس آف فزیشن حکیم بوعلی سینا (980ء تا 1037ء Avecenna) نے آنکھ کے ڈھیلے میں موجود چھ پٹھوں کو تفصیل سے بیان کیا۔

ابوعلی حسن ابن الہیثم

ابوعلی حسن ابن الہیثم (965ء تا 1039ء) پہلا شخص تھا جس نے بصارت کے عمل کی تفصیلی اور درست وضاحت کی اور بتایا کہ روشنی نظر آنے والے اجسام کی جانب سے دیکھنے والی آنکھ کی جانب سفر کرتی ہے۔ آنکھ سے اجسام کی جانب نہیں۔ یہ نظریہ جدید بصریات کی بنیاد ہے اور ابھی تک مستند سمجھا جاتا ہے۔ اس نے علم بصریات پر دنیا کی سب سے پہلی شاہکار تصنیف ''کتاب المناظر'' کے باب سوم میں دو چشمی بصارت پر بحث کی جبکہ باب پنجم میں آنکھ کی اناٹومی (ساخت) کے کئی ایک ڈایاگرام دیئے اور آنکھ کے مختلف حصوں کی ٹیکنیکل ٹرمینالوجی بھی ایجاد کی جیسے انگلش کے الفاظ Retina & Cataract, Cornea جو ابھی تک مستعمل ہیں۔ یورپین زبانوں میں امراض چشم کے عوارض کی اصطلاحات اس کی بنائی ہوئی ڈایاگرام سے لی گئی یا ان کا معنوی ترجمہ کردیا گیا۔ مثلاً

ثقب العنابیہ Pupil
القرنیہ Cornea
البیضیاء Albugineous Humor
الجلیدیہ Crystalline Humor
الزجاجیہ Virtuous Humor
الاعصاب البصری Optic Nerve

اسی طرح اس نے عدسہ آنکھ کے اس حصے کا نام

تجویز کیا جو درمیان میں ابھرا ہوا ہے اسے پتلی کہتے ہیں۔ یہ حصہ مسور کی دال کی شکل کا ہے۔ عربی میں مسور کی دال کو عدس کہتے ہیں۔ چنانچہ اس نے اس کو عدسہ کا نام دیا۔ اسی عدسہ کا لاطینی ترجمہ Lens کیا گیا کیونکہ لاطینی میں مسور (عدسہ) کو Lentil کہتے ہیں۔ اس سے لفظ لینز بن گیا اور اب یہ لفظ زبان زد عام ہے۔

کیمرہ کا موجد، عالی دماغ ابن الہیثم سائنسی تحقیقات سے اتنا گہرا شغف رکھتا تھا کہ اس نے 22 سال کی مدت خاموشی کے ساتھ تحقیقات اور مشاہدات میں صرف کردی۔ اس نے آنکھ کی بناوٹ، روشنی اور نور کو اپنی تحقیقات کا مرکز بنایا اور اس فیلڈ میں نئی نئی دریافتیں کیں۔ اس نے کئی ایک سائنسی مسائل پر غور وفکر کیا جیسے آنکھ کی بناوٹ، قوت، بصارت، روشنی کیا چیز ہے؟ کوئی چیز نظر کیسے آتی ہے؟ نور کی ماہیت کیا ہے؟ انسان کو ایک کے بجائے دو آنکھیں کیوں دی گئی ہیں؟ جوں جوں وہ ان مسائل پر تحقیقات کرتا رہا وہ اپنے نتیجہ فکر کو اپنی بیاض میں لکھتا رہا۔ رفتہ رفتہ یہ کتاب المناظر کی صورت میں منصۂ شہود میں آئی۔

ابن الہیثم نے بیان کیا کہ روشنی (باہر سے) آنکھ کے حساس پردہ پر جس میں بصارت کی حس ہوتی ہے یعنی پردہ چشم (Retina) پر اسی طرح گرتی ہے جس طرح ڈارک روم میں روشنی کسی سطح پر دیوار کے سوراخ سے گرتی ہے۔ یوں پردہ بصارت پر جو عکس بنتا ہے وہ اعصاب بصری کے ذریعہ دماغ تک پہنچتا ہے۔ آنکھ کے اندر پردہ چشم وہی کام کرتا ہے جو کیمرے کے اندر فلم کام کرتی ہے یعنی اس پر عکس بنتے ہیں۔

ابن الہیثم نے اس موضوع پر مختلف نوع کی تحقیقات کیں اور جیومیٹری اور علم بصریات کے قوانین کو ملا کر بہت سارے بصری مسائل (Optical Problems) کے حل پیش کئے اور عملاً ثابت کر دیا کہ جب کسی جسم یا شے پر روشنی پڑتی تو اس سے نکلنے والی شعاعیں ہماری آنکھ تک آتی ہیں اور ہم اس چیز کو دیکھ لیتے ہیں۔ اس کے برعکس عہد قدیم کے یونانی حکماء کا خیال تھا کہ ہماری آنکھ سے کرنیں خارج ہوتیں اور جس چیز پر یہ پڑتی ہیں وہ دیکھنے والی آنکھ کو نظر آجاتی ہے۔ شیشے کی عینک کو لوگ جدید دریافت خیال کرتے ہیں لیکن شیشے کے عدسوں کا استعمال ابن الہیثم نے شروع کیا تھا جو اپنی خراد پر شیشے خود بنایا کرتا تھا۔ اسی طرح علامہ ابن نفیس نے امراض العین پر کتاب ''شرح الاسباب'' میں لکھا ہے کہ وہ شخص جو چھوٹے الفاظ کمزور نظر کی وجہ سے نہ پڑھ سکتا ہو تو وہ عینک کے استعمال سے ٹھیک طور پر کتاب پڑھ سکتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مصر کے ملک میں اس وقت عینکوں کا رواج تھا۔

ایک مغربی مصنف والش (J.J. Walsh) نے اپنی کتاب دی پریکٹس آف میڈیسن (1767ء) میں لکھا ہے کہ رات کے اندھے پن کا مرض (Night Blindness) کی شناخت سب سے پہلے یورپ کے ماہر طب بابرڈین (Haberden) نے کی تھی حالانکہ اس کا ذکر حنین ابن اسحٰق نے مقالہ العشر میں، علی ابن عیسیٰ نے تذکرۃ الکحالین میں، رازی نے الحاوی میں اور بوعلی سینا نے القانون میں صدیوں قبل کیا تھا۔ ابومنصور نوح القمری نے اپنی کتاب غنی و منی میں لکھا ہے کہ بغداد کے کثیر التصانیف عالم و حکیم یعقوب الکندی (801ء تا 870ء) نے نہ صرف اس مرض کو بیان بلکہ اس کا علاج بھی خود کیا تھا۔

مصر کے خلیفہ العزیز باللہ (955ء تا 996ء) کے دور حکمرانی میں ابوب بن ایوب ہو گزرا جس نے ''امراض العین و مدواتھا'' کتاب لکھی تھی۔ ابو منصور الحسن القمری (990ء قم، ایران) شیخ حسین عبداللہ علی ابن سینا کا قابل احترام استاد اور سامانی حکمران منصور کا شاہی طبیب تھا۔ اس کی تصنیف الغنیٰ والمنیٰ (Book of Wealth and Wishes) سلطان منصور کے نام سے معنون تھی۔ یہ تین حصوں میں تقسیم تھی اندرونی بیماریاں، خارجی بیماریاں اور بخار۔ اس کا اردو ترجمہ انڈیا میں شائع ہو چکا ہے۔ اس نے غنیٰ ومنیٰ میں کمزور نظر کی وجوہات بیان کیں یعنی:

ایسے شخص کو قبض کی شکایت رہتی ہو۔
وہ چمکدار چیز کی طرف دیکھتا رہا ہو۔
یا وہ چھوٹے حروف والی کتاب پڑھتا رہا ہو۔
وہ کھانے میں زیادہ نمک کھاتا رہا ہو۔
(Hypertensive Retinopathy)
وہ شوگر یعنی چینی زیادہ عرصہ تک کھاتا رہا ہو۔ (یہ سائنسی انکشاف بالکل درست ہے کیونکہ زمانہ حال میں اس کو Diabetic Retinopathy کہا جاتا ہے۔ مشاہدہ میں آیا ہے کہ ذیابیطس کے مریضوں کی بینائی یا تو کمزور یا بعض صورتوں میں رفتہ رفتہ بالکل ختم ہو جاتی ہے)۔

ابوالقاسم زہراوی

شہرۂ آفاق طبیب ابوالقسم زہراوی (1009ء قرطبہ) کو سرجری کے فن کا ابوالآباء کہا جاتا ہے۔ اس نے فن طب میں آپریشن کا طریقہ جاری کیا اور فن جراحت میں کمال پیدا کیا۔ اس نے بہت سے امراض کا علاج بجائے دواؤں کے آپریشن سے کیا۔ زہراوی سے پہلے علاج بالدواء کا طریقہ جاری تھا۔ کینسر کے علاج کا طریقہ بتلایا۔ اس نے آپریشن کے اصول اور قواعد مقرر کئے۔ سب سے نازک ترین آپریشن آنکھ کا ہوتا ہے اس نے آنکھ کے آپریشن کے اصول، طریقے اور خطرات سے آگاہ کیا۔ اس نے موتیا بند کے آپریشن کا تفصیل کے ساتھ ذکر کیا۔ اس کی شاہکار کتاب ''تصریف لمن عجز من التالیف'' کا انگلش ترجمہ عربی متن کے ساتھ برطانیہ سے شائع ہو چکا ہے۔ جراحت کے موضوع پر یہ کتاب تیس ابواب میں ہے۔ اس نے یہ کتاب پچاس سال کی میڈیکل پریکٹس کے بعد قلم بند کی۔ اس میں جراحی کے دوصد اوزاروں کی ڈایا گرام دی گئی ہیں اور تیس کے قریب اوزاروں کی ڈایا گرام ایسی ہیں جو اس نے سرجری کے دوران خود استعمال کئے تھے۔

محمد ابن منصور

محمد ابن منصور زریں دست (الجرجانی) سلجوق سلطان ابوالفتح ملک شاہ (1093ء) کے دور حکومت میں افضل ترین ماہر امراض چشم تھا۔ اس نے فارسی میں امراض چشم پر زبردست کتاب ''نورالعین'' 1088ء میں مکمل کی جو اس موضوع پر انسائیکلو پیڈیا تھی۔ جرمن عالم ہرش برگ (Hirschberg) نے اس کا جرمن میں ترجمہ کیا جو لیپ زگ سے 1905ء سے شائع ہوا تھا۔

سمیع الدین

ایک اور ماہر امراض سمیع الدین نے گلاؤ کوما (Glaucoma) سے ہونے والے سر درد کو بیان کیا تھا۔ گلاؤ کوما میں آنکھ کی پتلی پھیل جاتی ہے اور رفتہ رفتہ بینائی ختم ہو جاتی ہے۔ عمار ابن علی موصیلی عراق کا رہنے والا تھا مگر مصر نقل مکانی کر گیا تھا۔ وہ قاہرہ میں خلیفہ الحاکم (عرصہ حکومت 996ء تا 1020ء) کا شاہی طبیب تھا۔ وہ اپنے دور کا مسلمہ ماہر امراض چشم تھا جس کی کتاب ''المنتخب فی علاج العین'' میں امراض چشم اور ان کے علاج منطقی طریق سے بیان کئے گئے تھے۔ کتاب میں 48 آنکھ کے امراض پر روشنی ڈالی گئی تھی نیز بعض ایک کلینیکل کیسز اور سرجری کے آلات کا ذکر کیا گیا تھا۔ کتاب کا سرجری والا حصہ نہایت مفید اور اہم تھا جس میں موتیا بند کے چھ قسم کے آپریشن اور سافٹ موتیا بند کے لئے پچکاری (سکشن) کا طریقہ استعمال دیا گیا تھا۔ He introduced metallic needle through the sclerotic and extracted the lens by suction. یورپ میں یہ ایجاد انیسویں صدی میں ہوئی تھی۔

ابوجعفر احمد ابن محمد

ابوجعفر احمد ابن محمد الغافقی (1165ء) قرطبہ کے نزدیک قریہ غفیق کا رہنے والا فزیشن اور ماہر نباتات تھا۔ طب میں اس کی کتاب ''الادویہ المفردۃ'' بہت مشہور تھی۔ اس کتاب کے دو خلاصہ جات احمد ابن علی جمہوری اور ابوالفرج نے تیار کئے تھے۔ امراض چشم پر بھی اس نے ''نورالعین'' کتاب لکھی تھی جس میں آلات کی تصاویر جگہ جگہ دی گئی تھیں۔ مائیر ہاف (Meyerhof) نے اس مفید کتاب کا انگلش میں ترجمہ کیا تھا۔

سعد ابن منصور

سعد ابن منصور اسرائیلی ابن کمال پیدائشی یہودی تھا مگر مشرف بہ اسلام ہوا۔ منطق پر اس نے حکمت الجدیدۃ لکھی، ایک رسالہ روح کے لافانی ہونے پر، ایک رسالہ ابن سینا کی الاشارات پر، سہروری کی کتاب تلویحہ کی شرح، امراض چشم پر الکافی الکبیر، نصیرالدین طوسی کی تلخیص محصل پر نوٹس، کیمسٹری پر تذکرۃ الکیمیا، دائرہ اسلام میں آنے کے بعد اس نے ایک کتاب میں اسلام، نصرانیت، یہودیت کا موازنہ پیش کیا۔ یعنی تنقیح الابحاث فی بحث عن الملل الثلاث، اس کا جرمن میں ترجمہ برلن سے 1893ء میں شائع ہوا تھا۔

اندلس کے جلیل القدر مصنف اور شارح ارسطو، قاضی ابن رشد قرطبی (1126ء تا 1198ء (Averroes) نے طب پر اپنی تصنیف ''کلیات فی الطب'' کے ابواب 2:15 اور 3:38 میں آنکھ پر مفصل روشنی ڈالی اور بعد تحقیق یہ بات کہی کہ آنکھ میں پردہ بصارت نہ کہ عدسہ فوٹو ریسپٹر کا کام کرتا ہے۔ یہ پردہ بصارت نیٹ ورک آف بلڈ ویسلز ہوتا ہے۔
The retina and not the lens was the photo-recepter in the eye. اس موضوع پر مزید دلچسپی رکھنے والے قاری عاجز کی کتاب ''ابن رشد، جدید سوانح اور کارنامے'' لاہور 2006ء کا مطالعہ کریں یا جرنل آف دی ہسٹری آف سائنس میں چونکا دینے والا مضمون Averroes view on the retina - Journal of the History of Medicine # 24, 1969۔ یہ رسالہ کوئینز یونیورسٹی کنگسٹن کی میڈیکل لائبریری میں موجود ہے جس کا راقم مضمون نے بالاستیعاب مطالعہ کیا ہے۔

خلیفہ ابن ابی المحاسن حلابی

خلیفہ ابن ابی المحاسن حلابی (1260ء) شام کا امراض چشم کا ڈاکٹر تھا جس نے امراض چشم پر تفصیلی کتاب ''الکافی فی الکحل'' (فی خلعت) 1256ء میں لکھی۔ کتاب کے شروع میں ان کتابوں کی فہرست دی جو اس سے پہلے اس موضوع پر شائع ہو چکی تھیں۔ کتاب میں 36 آلات کی ڈایا گرام دیں جو آنکھ کے ڈاکٹر کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔ ہر آلے کا نام دیا اور اس کی وضاحت پیش کی۔ اس نے دماغ اور اس کے ممبرین کی ڈایا گرام دی، آنکھ اور اعصاب بصری کی تصویر دی اور بتلایا کہ دائیں آنکھ، بائیں آنکھ سے کنٹرول ہوتی اور بائیں آنکھ دائیں آنکھ سے۔ اس نے گلاؤ کوما کے بہت سارے آپریشن بیان کئے تھے۔

قاضی فتح الدین قیسی

قاضی فتح الدین قیسی (1259ء) مصر کا ماہر امراض چشم جس کا والد سلطان الکامل کا شاہی طبیب تھا۔ اس کا لقب رئیس الاطباء بدیار المصر یہ تھا۔ بشمول سلطان صلاح الدین کے وہ ایوبی حکمرانوں کا شاہی طبیب رہا۔ اس نے کتاب ''نتیجہ فکر فی علاج امراض البصر'' لکھی۔ اس کتاب کا ایک نایاب مخطوطہ جس پر 5 جمادی الاول 907ھ (16 نومبر 1501ء) کی تاریخ لکھی ہوئی ہے۔ امریکہ کی نیشنل لائبریری آف

میڈیسن (میری لینڈ) میں موجود ہے۔ کتاب کا آخری باب کمزور نظر اور آنکھ کی صفائی پر تھا۔ اس نے اپنے مصادر کا حوالہ نہیں دیا تھا۔ کتاب میں 124 آنکھ کے عوارض کا علاج دیا گیا۔ یہ کتاب 15 ابواب میں تقسیم تھی
(2) ۔Conjunctiva (1)
۔Aqueous Humor(3)۔Cornea
(6)۔Arachnoid(5)۔Uvea(4)
(8)۔Albuminoid(7)۔Lens
(10)۔Retina(9)۔Vitreous Body
Optic (11)۔Choroid & Sclerotic
Musceles of (12)۔Nerve
Canthi (14)۔Eyelids(13)۔eyeball
(15)۔and Lacrimal Glands
Weakness of Eyesight and Hygiene.

ضیاء الدین ابن بیطار

اسلامی سپین کا ضیاء الدین ابن بیطار (1270ء) قرون وسطیٰ کا سب سے مشہور فارماسسٹ اور ماہر نباتات تھا۔ اس نے نباتات کا علم ذاتی مشاہدات اور تجربات سے حاصل کیا تھا۔ 1219ء میں اس نے تحقیق کے لئے سپین، مصر دس سال)، عرب، شام، عراق کی سیاحت کی تا کہ جڑی بوٹیوں کے نمونے اکٹھے کر سکے اس کے شاگردوں میں سے ایک مشہور زمانہ شاگرد ابن ابی اصیبعہ تھا جس نے 600 مسلمان اطباء کی سوانح حیات کی ڈکشنری، عیون الانباء فی طبقات الحکماء تیار کی تھی۔ اس کی کتاب الجامع المفردات الادویہ الاغذیہ (مطبوعہ قاہرہ 1291ء) میں 1400 سے زیادہ جڑی بوٹیوں اور نباتات کو بمطابق حروف ابجد ترتیب دیا گیا تھا۔ اس نے نباتات کی معرفت، حصول، ناموں کی قسموں کے اختلاف، مقام پیدائش پر روشنی ڈالی جن کے دوسو کے قریب جڑی بوٹیاں اس سے قبل نامعلوم تھیں۔ کتاب میں 150 مسلم سکالرز واطبا کے حوالے اور بیس یونانی اطبا کے حوالے دیئے گئے ہیں اور ان کی تصنیفات میں موجود غلطیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس کا لاطینی ترجمہ 1758ء میں اٹلی سے شائع ہوا۔ عربی سے اس مستند کتاب کا اردو میں ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔ ابن بیطار نے الغافقی کی امراض العین پر مکمل کتاب کو اپنی شاہکار کتاب میں ہو بہو نقل کر دیا تھا۔

نصیر الدین الطّوسی

نصیر الدین الطّوسی (1201ء تا 1274ء) نے بصریات پر دو ٹھوس رسالے لکھے۔ (1) المباحث فی انعکاس الاشاعت وانعطاف (2) تحریر المناظر۔ علاؤ الدین ابن نفیس القرشی (1289ء دمشق) شام کا عظیم المرتبت فزیشن تھا۔ اس نے بقراط، حنین ابن اسحٰق، ابن سینا کی طبی کتابوں کی شرحیں لکھیں۔ خود اس نے امراض چشم کے علاج اور غذا پر کتاب ''المختار من الاغذیہ'' لکھی۔ اس نے اپنے مشاہدے اور تحقیق کی روشنی میں یہ ثابت کیا کہ غذا کا انسان کی صحت پر کیا اثر پڑتا ہے اور کیا چیز کھانے سے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ آنکھوں کی بیماریوں پر اس کی کتاب ''شرح الاسباب'' بڑی اہمیت رکھتی ہے جس میں بیماریوں کے بارے میں نئی معلومات فراہم کی گئی تھیں۔ لیکن اس عالم بے بدل کی شہرت کتاب معجز القانون (معجز فی الطب) کی وجہ سے ہے جس کے کئی تراجم ہوئے اور سپر کمنٹریز لکھی گئیں۔ ''حل معجز'' کے نام سے حکیم السویدی نے شرح لکھی۔ حل معجز کا ایک بیش قیمت مخطوطہ نیشنل لائبریری آف میڈیسن میری لینڈ امریکہ میں موجود ہے۔ ترکش میں اس کا ترجمہ مصلح الدین سروری (1561ء) نے کیا۔ شرح تشریح ابن سینا، القانون کے اناٹومی کے حصہ پر ہے۔ ہیرات کے مولوی محمد سلیمان کا تیار کردہ ''معجز'' کا ایڈیشن کلکتہ سے 1828ء میں شائع ہوا تھا۔ لکھنؤ سے 1871ء میں اس کی فارسی شرح ''کشف الرموز'' از احمد الدین لاہوری، لاہور 1905ء منظر عام پر آئی اور تشریحی نوٹس کے ساتھ لکھنؤ 1906ء۔

صلاح الدین ابن یوسف

صلاح الدین ابن یوسف الکحل بن حما (1296ء، حما کا آنکھوں کا ڈاکٹر) نے آشوب چشم پر اپنے فرزند کے لئے ''نور العیون و جامع الفنون'' لکھی جس میں اس نے اپنے دور حیات تک ہونے والے تمام آنکھوں کے ڈاکٹروں کی فہرست دی تھی۔ کتاب دس، مقالہ جات میں تقسیم تھی۔ (1) آنکھ کی تعریف 22، ابواب میں اس کی اناٹومی بشمول تقاطو الثالبی، آنکھ کی ڈایا گرام۔ (2) ویژن، تھیوری آف ویژن۔ (3) امراض چشم، وجوہات، علاج۔ (4) آنکھ کی صفائی، پلکوں کا فائدہ۔
Affections of (5)
Affections of (6)۔Canthi
Affections of (7)۔Conjectiva
۔of Uvea, of Catarct(8)۔Cornea
(10)۔Intangible Affections(9) آنکھ کے علاج کی سادہ ادویہ۔

قطب الدین شیرازی

قطب الدین شیرازی (1236ء تا 1311ء) نے طب کی تعلیم اپنے والد اور پھر بعد میں چچا سے حاصل کی جو شیراز کے مظفری ہسپتال میں فزیشن تھا۔ قطب الدین کو شیراز کے ہسپتال کے آنکھوں کے ڈاکٹر کی پوسٹ پر متعین کیا گیا جہاں وہ بارہ سال تک کام کرتا رہا۔ اس نے آنکھوں کے امراض و علاج پر کتاب لکھی تھی۔ (Medicine in Persia by C. Elgood, Page 66, 1934)۔ شیرازی نے جن موضوعات پر خامہ فرسائی کی وہ یہ ہیں:
،Optic ،Chiasma ،Optic Nerve
Retina۔ اس نے تھیوری آف ویژن بھی پیش کی۔ اس نے ابن الہیثم کے کیمرہ آب سکیورا (Camera Obscura) پر مزید تحقیق اور تجربات کئے اور کہا کہ تاریک کمرے میں دیوار میں چھوٹے سے سوراخ سے روشنی کے آنے پر دیوار پر جو عکس بنتا ہے وہ سوراخ کے سائز پر منحصر ہوتا ہے۔ سوراخ جتنا چھوٹا ہوگا عکس اتنا ہی صاف و شفاف بنے گا۔ اس نے فضائی علم تناظر، روشنی کے انعطاف اور رنگوں کے اثرات پر سیر حاصل بحث کی۔ اس کا سب سے بڑا کارنامہ علم المناظر (آپٹکس) میں قوس وقزح کے وقوع ہونے کی سائنسی توجیہہ بیان کرنا ہے۔ اس کے عبقری شاگرد کمال الدین فارسی نے ''تنقیح المناظر'' لکھ کر ابن الہیثم کی بعض تھیوریز کی تصحیح کی۔ کمال الدین نے جن مسائل کو زیر بحث بنایا وہ یہ ہیں:
،Optic ،Chiasma ،Optic Nerve
Retina۔ اس نے تھیوری آف ویژن میں اضافے کئے۔

ابراہیم شادہیلی

چودھویں صدی کے مصری ڈاکٹر ابراہیم شادہیلی نے کتاب العمدہ الکحلیہ فی امراض البصر یہ لکھی جس کا استعمال مصر کے میڈیکل کالجز میں درسی نصاب کے طور پر ہوتا تھا۔ کتاب پانچ حصوں میں تقسیم تھی۔ اس نے تھیوری آف ویژن میں قابل قدر اضافے کئے۔ اس نے انکشاف کیا کہ انسانی آنکھ اور دماغ کا گہرا تعلق ہے نیز یہ ہر قوم اور نسل کے لوگوں میں آنکھ کا رنگ مختلف ہوتا ہے۔ اس نے مصر میں ہونے والی آنکھ کی بیماریوں کا ذکر کرتے ہوئے ٹریکوما (Trachoma) کے چار مراحل بتلائے۔ اس نے قبض، ماہواری کے بند ہو جانے اور سر درد کا آنکھوں پر اثر بیان کیا۔

قاضی نفیس الدین ابن زبیر

قاضی نفیس الدین ابن زبیر (بارہویں صدی) ہندوستان کا مشہور زمانہ فزیشن اور سرجن ہونے کے علاوہ امراض چشم کا ماہر تھا۔ مصر کے ہسپتال بیمارستان میں جو فزیشن کام کرتے تھے ان کی فہرست میں اس کا نام بھی شامل تھا۔ ہندوستان کے حکمران محمد بن تغلق اور فیروز شاہ طب میں شغف رکھتے تھے۔ فیروز شاہ نے ایک کتاب طب فیروز شاہی لکھی جس میں ان امراض کا ذکر تھا جو القانون میں نہیں تھیں۔ وہ آنکھ کی سرجری اور امراض میں بھی دلچسپی رکھتا تھا۔ اس نے آنکھوں کے علاج کے لئے خاص قسم کا کاجل سانپ کی کھال اور جڑی بوٹیوں سے تیار کیا جس کا نام ''کحل فیروز شاہی'' تھا۔ آنکھوں کے امراض کے لئے کاجل ہندو پاکستان میں عام استعمال کیا جاتا ہے۔ کاجل سب سے پہلے کس نے بنایا، طبی نقطہ نظر سے اس کے کیا فوائد ہیں؟ اس موضوع پر اگر کوئی تحقیق کر سکے تو ازدیاد علم کا باعث ہوگا۔

امراض چشم پر مسلمان اطبا کے نتیجہ فکر سے صفحہ قرطاس پر جو سکہ بند کتابیں منتقل ہوئے ان کی تفصیل ہمارے دور کے پاکستان کے طبیب حاذق حکیم محمد سعید کی کتاب فارمیسی اینڈ میڈیسن تھرو دی مڈل ایجز (Pharmacy & Medicine Through the Middle Ages) میں صفحات 103-112 پر اس طرح درج ہے۔

العشر مقالات فی العین   حنین ابن اسحٰق
تذکرۃ الکحالین   علی ابن عیسیٰ
کامل الصناعۃ   علی ابن عباس مجوسی
کتاب الحاوی، کیفیہ الابصار   زکریا الرازی
کتاب فی ہیۃ العین   مقالہ فی علاج العین بالحدید   زکریا الرازی
غنی ومنیٰ   الحسن القمری
نور الدین   زریں دست
کتاب المناظر   ابو الحسن ابن الہیثم
کتاب العیون   ابو جعفر طبری
نور الدین   صلاح الدین ابن یوسف
القانون فی الطب   حکیم بوعلی سینا (پرنس آف فزیشن)
کتاب التصریف (باب امراض العین)   ابو القاسم الزہراوی
شرح الاسباب   برہان الدین ابن نفیس
نور العیون   الغافقی
کتاب نتیجہ الفکر فی علاج امراض البصر   احمد قیسی
تنقیح المناظر   کمال الدین فارسی
کتاب العمدہ الکحلیۃ فی الامراض البصریۃ   صداقہ ابن ابراہیم الشادیلی
تدقیق النظار، مقالات فی العین   ابن الوافد اندلسی

تشریح الابدان (اناٹومی) کے موضوع پر القانون فی الطب کی مختلف جلدوں میں اظہار خیال کیا گیا ہے۔ ان تمام حصوں کو کسی عالم نے اکٹھا کر کے شائع کیا اور اس کے حاشیہ میں ابن النفیس کی شرح بھی درج کی ہے۔ عبد الطیف بغدادی نے مصر میں قحط کے دوران مردہ انسانوں کے جبڑے دیکھے اور ان میں ہڈیوں کی صحیح تعداد معلوم کر کے جالینوس کی تحقیق کو غلط ثابت کیا۔ چودھویں صدی میں منصور ابن الیاس شیرازی نے فارسی میں کتاب ''تشریحی بدن انسان'' لکھی۔ یہ کتاب تیمور لنگ کے پوتے کے نام سے معنون تھی جو فارس کے صوبہ کا پندرہ سال (1394ء تا 1409ء) تک حکمراں رہا تھا۔ یہ کتاب جسم کے پانچ نظام یعنی پانچ ابواب (ہڈیاں، اعصاب، پٹھے، رگیں و شریانیں۔ دل و دماغ) میں تقسیم ہے۔ اس کتاب میں بہت سارے ڈایا گرام دیئے گئے ہیں جو امریکہ کی نیشنل لائبریری آف میڈیسن کی ویب سائٹ پر دیکھے جاسکتے ہیں۔

http://www.nlm.nih.gov/exhibition/islamic_medical/islamic-10.html

نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بتاریخ 12؍اگست 2008ء قبل نماز ظہر بمقام بیت الفضل لندن میں درج ذیل نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائیں۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم خالد سیف اللہ صاحب

مکرم خالد سیف اللہ صاحب ابن مکرم شیخ رحمت اللہ خان صاحب مرحوم سابق ایڈیٹر الفضل 10؍اگست کو 80 سال کی عمر میں لندن میں وفات پاگئے۔ مرحوم حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت حافظ نور محمد صاحب آف فیض اللہ چک کے پوتے تھے۔ صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے۔ گزشتہ سال حج کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔

مکرم کاشف محمود احمد صاحب

مکرم کاشف محمود احمد صاحب ابن مکرم محمود احمد صاحب 8؍اگست کو 31 سال کی عمر میں لندن میں وفات پاگئے۔ مرحوم بچپن میں پولیو کی وجہ سے معذور ہوگئے تھے مگر زندگی کا تمام عرصہ نہایت صبر اور ہمت سے گزارا۔ گزشتہ سال جرمنی سے یو۔کے شفٹ ہوئے۔ موصی تھے بڑے خوش اخلاق، ملنسار اور مخلص نوجوان تھے۔ جماعتی کاموں میں بڑے سرگرم رہتے۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ تین بچے یادگار چھوڑے ہیں۔

مکرمہ فرخندہ ملک صاحبہ

مکرمہ فرخندہ ملک صاحبہ اہلیہ مکرم منور ملک صاحب مورخہ 10؍اگست کو لمبی بیماری کے بعد لندن میں وفات پاگئیں۔ آپ کی عمر 71 سال تھی۔ مرحومہ نیک صالح اور جماعت کے ساتھ بہت اخلاص کا تعلق رکھتی تھیں۔ آپ مکرم ڈاکٹر رفیق ملک صاحب اور مکرم شفیق ملک صاحب آرکیٹیکٹ کی بھابھی تھیں۔ پسماندگان میں دو بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

نماز جنازہ غائب

مکرم ملک رفیق احمد سعید صاحب مربی سلسلہ

مکرم ملک رفیق احمد سعید صاحب مربی سلسلہ 14 جولائی کو کچھ عرصہ بعارضہ ٹیومر بیمار رہنے کے بعد وفات پاگئے۔ مرحوم نے بطور مربی سلسلہ تنزانیہ میں اور کچھ عرصہ یو۔کے اور کینیڈا میں گزارا اور اس کے علاوہ پاکستان کی مختلف جماعتوں میں خدمت کی توفیق پائی۔ آپ کو جماعت کے مختلف اداروں میں بھی کام کرنے کا موقعہ ملا۔ مرحوم خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے فدائی احمدی تھے۔

مکرم ملک محمد جہانگیر جوئیہ صاحب

مکرم ملک محمد جہانگیر جوئیہ صاحب آف خوشاب 14 جون 2008ء کو بعارضہ کینسر وفات پاگئے۔ آپ نے لمبا عرصہ خوشاب کے امیر ضلع کے طور پر خدمت کی توفیق پائی۔ کچھ عرصہ قبل آسٹریلیا چلے گئے تھے۔ جب تک صحت رہی وہاں بھی باقاعدگی سے جماعت کی خدمت بجالاتے رہے۔ مرحوم اللہ کے فضل سے موصی تھے اور آپ کو اسیر راہ مولیٰ ہونے کا شرف بھی حاصل ہوا۔

مکرمہ امۃ الرشید فاروقی صاحبہ

